# Adamjee Life WTO Faalah Plan

The purpose of every responsible person's life is to not only grow sufficient wealth but also want to ensure that his family dreams are secured against any obstacle that may come in the way. But since we live in the world of uncertainties, financial planning plays a major role in our family's future wellbeing. Adamjee Life-Window Takaful Operations has designed a product that can be customized to cater your specific needs in a shariah compliant way!

"Adamjee Life Faalah" has all the essential ingredients that are required to keep you away from future financial worries and protect your family from all sort of life uncertainties.

Adamjee Life Faalah is a high allocation Short term Shariah Compliant regular contribution unit linked Family Takaful Certificate. A greater proportion of contribution is allocated to units in the early certificate years. The benefits of the certificate are largely linked to the value of the investments of the professionally managed Funds in which a proportion of the contribution is invested.

**Note: This is a family Takaful product which has two distinct elements i.e., Takaful Protection and Investment. The investment component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## What is Takaful?

The word Takaful is derived from the Arabic word Kafala, which means to look after; to help; to take care of one's needs. Takaful is a system of Islamic insurance based on the principle of Ta'awun (mutual assistance) and Tabarru (voluntary contribution), where risk is shared collectively by a group of participants, who by paying contributions to a common fund, agree to jointly guarantee themselves against loss or damage to any one of them as defined in the pact. Takaful is operated on the basis of shared responsibility, brotherhood, solidarity and mutual cooperation.

## How Does the Takaful Membership Operate?

Adamejee Life- Window takaful Operations (AL-WTO) takaful model is based on the Wakalah-Waqf principal. Individuals in the community come together for a common purpose and contribute into a Waqf Fund operated by a Window Takaful Operator to protect themselves against future financial losses.

## Two Fold Benefits

### Savings

The basic regular contributions are invested in one of the two professionally managed Shariah compliant funds designed to help the savings grow to match the Participant's choice of personal savings intention.

### Takaful (Protection)

This is by way of transferring regular nominal contributions ('tabarru'at'- as Takaful donations) into the WAQF Fund. This WAQF Fund protects your intention to save the agreed amount of as sum covered* over the tenure of the certificate.

* 5 to 30 times of the total Annualized Basic Contribution.

### Free-Look Period

The certificate offers a free-look period of 14 days, in which you can cancel your certificate by contacting AL - WTO, and have your contribution refunded. However AL - WTO reserves the right to deduct the expenses incurred on medical examination(s) of the person covered in connection with the issuance of this certificate.

### Surplus Sharing

In addition to Risk mitigation benefits, Takaful offers a unique feature of Surplus sharing to the Participants. Surplus in the Waqf, if any, shall be determined on individual participant basis at the end of each financial year, after maintaining necessary reserves as per the advice of appointed Actuary and Shariah Adviser. The Distributable surplus will be allocated to the PIF as per define manner to the eligible Participants.

### How your Investment grow in a Shariah Compliant way:

Basic Contributions made towards the Certificate are invested in either of Taameen Fund, Maza'af Fund or Saman Fund. You can choose to invest fully in one of the fund that suite your investment strategy. The returns earned after deduction of risk charges, and investment management charges are credited to the unit account balance and accumulate as the certificate holder's cash value. Funds are managed by a team of expert investment managers who adjust the investment mix in light of economic conditions and investment opportunities.

## Investment Options – An Opportunity for Growth

Contributions paid for Adamjee Life Faalah shall be invested by default in low risk funds. However, you may choose to invest in a moderate to high risk funds described below that suits your investment strategy and risk appetite. The returns earned after deduction of risk charges, monthly admin fee and investment management charges are credited to the unit account balance and accumulate as the certificate holder's cash value.

## Unit Pricing methodology

AL-WTO uses forward unit pricing methodology.

## Our low risk funds include:

### Taameen Fund (Income Fund):

Low risk fund with aim to offer regular and steady returns from investment in wide variety of shariah compliant debt securities including bank deposits , government securities etc. without any exposure to corporate bonds and equities.

## Our medium to high risk funds include:

### Saman Fund (Balanced Fund):

Medium risk fund with aim to provide growth in investment value by investing in shariah compliant debt-instruments, equities and real estate.

### Maza'af Fund (Aggressive Fund):

High risk fund with aim to earn higher returns in medium to long term by investing in diversified mix of shariah compliant equities, debt instruments and real estate.

## Certificate Benefits

### Choice of Family Takaful Coverage

You have the option to Choose from the different levels of family takaful coverage through protection multiple for the same amount of contribution.

### Protection Benefit

In case the covered person dies during the certificate term, the sum covered or accumulated account value whichever is higher less any partial withdrawals, will be paid to the beneficiary(ies).

### Free built-in Pilgrimage Coverage*

PKR 2 Million Coverage on Accidental Death during Hajj.

*Coverage will be terminate when person covered reached Age 65.

### Certificate Maturity Benefit

At the time of maturity of the certificate term the participant will get the amount equal to his/her account value.

### Monthly Annuity Benefit (Optional)

On survival of the Person Covered till maturity of the Certificate, the Monthly Annuity Benefit will be given as per the term selected by the Person Covered. The term can be 5, 10, 15 or 20 years. The units will remain invested over the annuity term.

### Partial Withdrawal

Certificate offers the option of making partial withdrawals from your account value. Withdrawals can be made 4 times in a certificate year and are limited to 50% of the net cash surrender value subject to maintaining a minimum balance of Rs. 20,000/-

### Investment Booster: (Ad-Hoc) / Top-up

By depositing a minimum payment of Rs. 10,000/- (over and above your regular contribution) you can enhance the growth of your invested capital through Top up. Top Up payment which has no upper limit will be allocated at 103% in the unit account and can be made & withdrawn anytime during the certificate term to boost your accumulated cash value.

### Inflation protection: (Indexation) optional

This is a value-added feature to cover the inflation impact. Your contribution will increase every year by 5% or 10% of the previous years' contribution with this option. The cash value will also increase accordingly.

## Optional Supplementary Benefits:

You can enhance the Protection Benefit by selecting any or all of the following optional Supplimentary Benefits subject to payment of additional contribution.

- **Spouse Term Family Takaful Supplementary Benefit**
  In the unfortunate event of death of the person covered's spouse during the in force term of this supplementary benefit, the supplementary benefit's sum covered is payable.
- **Level Term Family Takaful Supplementary Benefit**
  On death of the person covered during the in force term of this supplementary benefit, the supplementary benefit's sum covered is payable.
- **Waiver of Contribution Family Takaful Supplementary Benefit - Death**
  On death of the person covered, Adamjee Life WTO Waqf will pay the initial (un-escalated) basic contribution for the remaining term of the supplementary benefit on behalf of participant.
- **Critical Illness Family Takaful Supplementary Benefit**
  On occurrence of one of the listed diseases to person covered during the in force term of this supplementary benefit, the supplementary benefit's sum covered is payable to the person covered.
- **Accidental Death and Disability Supplementary Benefit**
  On accidental death or permanent and total disability due to accident of the person covered during the in force term of this supplementary benefit, the supplementary benefit's sum covered is payable. In case of permanent total/partial disability, the sum covered is payable according to the Schedule stated in the Provisions.
- **Waiver of Contribution Family Takaful Supplementary Benefit - Disability**
  On permanent and total disability of the person covered, Adamjee Life WTO Waqf will pay the initial (un-escalated) basic contribution for the remaining term of the supplementary benefit or earlier recovery or death on behalf of participant.
- **Monthly Income Family Takaful Supplementary Benefit**
  On death or permanent and total disability due to accident or sickness of the person covered, during the in force term of this supplementary benefit, a fixed monthly amount is payable for the remaining term of the supplementary benefit or earlier recovery (in case of disability).

## Contribution Allocation and Wakalatul Istismar Fee Structure

| Member ship Year | % Of Basic Contribution Allocated to Participant Investment Acount PIA | % Of Contribution as Wakaltul Istismar Fee |
|---|---|---|
| 1 | 70 | 30 |
| 2 | 90 | 10 |
| 3 & onward | 100 | Nil |

** Before the deduction of basic plan risk contribution*

## Bonus Allocation:

As you continue the participation for longer term you will gain the higher rewards in terms of Continuation Bonuses. The extra units will be allocated to your account value. This extra units allocation is in addition to the basic units of allocations, provided Certificate has been in-force through the regular and timely payment of Contributions, not being lower or less than the initial Basic Contribu- tion and there has been no partial withdrawal taken from the Certificate. The Continuation Bonus allocation is as follows.

| Certificate Year | % of Initial Basic Contribution Allocated to PIF Account |
|---|---|
| 5 | 10% |
| 7 | 20% |
| 10 | 30% |
| Life Event Bonuses* | - 50% Bonus on Son's University Admission<br>- 50% Bonus on Daughter's Wedding<br>- 50% Bonus on Retirement |

*After completion of 10 certificate years and certificate remains inforce through timely payment of contribution regardless of the maturity of the Certificate, the participant is eligible for Bonus on any one of these Life events (whichever comes first) during the entire tenure of the certificate. Subject to satisfactory proofs.

## Charges

| | |
|---|---|
| Certificate Fee: | Nil |
| Fund Management Charges: | An annual Fee of 1.75% of the Cash Value from the PIA deducted on a monthly basis. |
| Wakalat-ul-Istismaar Fee: | Year 1 : 30%, Year 2: 10%, Year 3 Onward: 0%, |
| Bid/ Offer Spread: | 5% of all Contributions allocated to the PIA Unit Account. |
| Takaful Contribution: | With reference to attained age and based upon the Risk profile and Sum At Risk, a monthly contribution is transferred into PTF(Waqf) from PIA. A portion, 35% of Takaful Contribution of Basic Membership and 45% of Takaful Contribution of Supplementary Benefits, if any, will go to the Operator's Fund as PTF management fee. |
| Surrender & Partial withdrawal Processing Fee: | A flat surrender processing fee of Rs. 500 applies when making a partial withdrawal or surrender at any time. |
| Fund Transfer Fee: | The first two switches in a Membership Year are free. A charge of Rs. 300 will be made for any further switches in that Membership Year. |
| Mudharib's Share: | 30% on investment return of the WAQF |

## Certificate Terms & Eligibility

| Min entry age | Max entry age | Min Certificate term |
|---|---|---|
| 18 years | 70 years | 5 years |
| **Min Contribution paying term** | **Max Certificate Term** | |
| 5 years | 25 years or up to age of 80 exact whichever comes first | |

## Basic Contribution Payment mode:

### Minimum Contribution:

| Mode | Minimum Contribution per installment | |
|---|---|---|
| Mode Annual | Rs.20,000/- | |
| Semi-annual | Rs.15,000/- | (Rs. 30,000/- Annually) |
| Quarterly | Rs.10,000/- | (Rs. 40,000/- Annually) |
| Monthly | Rs. 5,000/- | (Rs. 60,000/- Annually) |

- Payment Mode: (Annual, Semi-Annual, Quarterly & Monthly)

## Disclaimer:

- This product is underwritten by Adamjee Life Assurance Company Limited – Window Takaful Operations (WTO). It is not guaranteed or issued by "Bank" or its affiliates and is not a product of the Bank.
- The Bank is acting as a corporate takaful agent of Adamjee Life Assurance Company Limited - WTO which underwrites the plan and the Bank shall not be held responsible for any liability under the plan in any manner whatsoever to the participant (s) or claimants(s).
- Adamjee Life Faalah is a Unit Linked takaful Plan which is subject to investment risk. The investment risk shall be borne by the participant and actual maturity and surrender values may be lower or higher than the projected figures.
- All Adamjee Life Faalah applications are processed and approved by Adamjee Life Assurance Co. Ltd. - WTO, as per their underwriting guidelines. "Bank" is not responsible for processing and approval of these applications in any way, whatsoever.
- This brochure only provides an introduction to the benefits available under the plan. A detailed description of how the contracts works is given in "Terms & Conditions" attached with the Participant Membership Document (PMD) , which will be provided after the issuance of the certificate.
- The past performance of the investment fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and neither Adamjee Life Assurance Co. Ltd. - WTO nor "Bank" will incur any liability for the same.
- A personalized illustration of benefits will be provided to you by our sales representative. Please refer to the notes in the illustration for a detailed understanding of the various terms and conditions along with in the projected cash values. These values are only for understanding purpose and can be go up or down and not guaranteed.


**Adamjee Life Assurance Co. Ltd.**
**Window Takaful Operations**

Registered Office:

Office No. 505, 5th Floor, ISE Towers, 55-B,
Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad.

Principal Office

3rd and 4th Floor, Adamjee House,
I.I. Chundrigar Road, Karachi - 74000.

+92 (21) 111-11-5433 I www.adamjeelife.com


## انتباہ

- یہ پروڈکٹ آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ، ونڈو تکافل آپریشنز کی ہے۔ بینک یا اس سے الحاق ادارے اس کی کوئی ضمانت نہیں لیتے اور نہ ہی یہ بینک کی کوئی پروڈکٹ ہے۔
- بینک ایک ایجنٹ کے طور پر آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ، ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے یہ سہولت فراہم کر رہا ہے اور کسی بھی معاملے یا شریک تکافل کو یا اس کے بینیفشری یا تیسرے فریق سے متعلق کسی قسم کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- یہ فیملی تکافل پروڈکٹ یونٹ سے جڑا ایک شریعت کے مطابق پلان ہے جس کی سرمایہ کاری پر خطر بھی ہو سکتی ہے اور یونٹ فنڈ کی کارکردگی پلان کی ابتدائی سرمایہ کاری پر براہ راست اثر انداز ہو سکتی ہے۔
- تمام آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشن فلاح درخواستوں پر عمل درآمد اور منظوری آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ، ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے ان کے متعلقہ قوانین کے تحت ہوتی ہے۔ بینک کسی بھی طرح سے درخواست کے عمل درآمد اور تصدیق کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- یہ بروشر سرٹیفکیٹ کے تحت ملنے والے فوائد کا صرف تعارف فراہم کر رہا ہے۔ تفصیلی معلومات کہ کس طرح یہ سرٹیفکیٹ کام کرتا ہے اس کے لیے "شریک تکافل کی ممبر شپ دستاویزات "سرٹیفکیٹ جاری ہونے کے بعد جاری کیے جاتے ہیں۔
- یہ ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کے لئے ایک مثال ہو۔ مستقبل کے بارے میں کی جانے والی کسی بھی پیشگوئی فنڈ کی ممکنہ کارکردگی کا اشارہ نہیں کرتی ہیں اور نہ ہی آدم جی لائف، ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی بینک اس کا ذمہ دار ہوگا۔
- ہمارے سیلز کے نمائندے آپ کو فوائد کے متعلق وضع کردہ خاکہ / السٹریشن فراہم کریں گے۔ مختلف شرائط و ضوابط کی مکمل سمجھ بوجھ کے لیے مثال میں دیئے گئے نوٹس ملاحظہ کریں۔ وہ رقم صرف سمجھانے کے مقاصد کے لیے ہے، رقم اوپر اور نیچے بھی کی جا سکتی ہے تکافل آپریٹر اس کی ذمہ داری نہیں ہے۔


**آدم جی لائف اشورنس، ونڈو تکافل آپریشنز**
**ونڈو تکافل آپریشنز**

رجسٹرڈ آفس:

آفس نمبر 505، پانچویں منزل، آئی ایس ای ٹاور، 55-بی،
جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد

پرنسپل آفس:


تیسری اور چوتھی منزل، آدم جی ہاؤس،
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000۔

+92 (21) 111-11-5433 I www.adamjeelife.com

adamjeefamily takaful

# Adamjee Life WTO Faalah Plan

Your Shari'ah Financial Partner




adamjeefamily takaful

# آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز فلاح پلان

آپ کا شریعہ فنانشل پارٹنر




## آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز فلاح

ہر ذمہ دار انسان کی زندگی کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ نہ صرف گزارے لائق رقم کمائے بلکہ وہ یہ یقین دہانی کراتا ہے کہ کسی بھی مشکل یا رکاوٹ کی صورت میں بھی اس کے اہل خانہ کے خواب محفوظ ہیں۔ لیکن جیسے کہ ہم غیر یقینی دنیا میں رہتے ہیں، معاشی منصوبہ بندی ہمارے اہل خانہ کے بہتر مستقبل کے ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔ آدم جی لائف، ونڈو تکافل آپریشنز آپ کے لیے ایک ایسا منصوبہ بنایا ہے جسے شریعت کے تقاضوں کے مطابق آپ کی خاص ضروریات کی تکمیل کے لیے اپنی مرضی سے ترتیب دیا جاسکتا ہے۔ فلاح منصوبے میں وہ تمام عناصر موجود ہیں جو آپ کو مستقبل کی معاشی پریشانیوں کو دور رکھنے کے لیے اور آپ کے اہل خانہ کو تمام قسم کی ناگہانی سے محفوظ رکھنے کے لیے درکار ہیں۔ فلاح منصوبہ ایک اعلیٰ درجے کا کثیر المدتی شریعت کے مطابق مستقل زر شمولیت یونٹ سے منسلک فیملی تکافل کا سرٹیفکیٹ ہے۔ ابتدائی سالوں میں ہی آپ کی زر شمولیت کا بڑا حصہ یونٹس کے لیے مختص کر دیا جاتا ہے۔ سرٹیفکیٹ کے فوائد سرمایہ کاری کے پیشہ ورانہ طور پر منظم فنڈ کی قدر کے ساتھ کافی منسلک ہیں، جس میں آپ کی زر شمولیت کا ایک حصہ لگایا جاتا ہے۔

نوٹ: یہ ایک فیملی تکافل پروڈکٹ ہے جس کے دو الگ الگ عناصر ہیں یعنی تکافل تحفّظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا جز یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) کے ماتحت بنیادی اثاثوں کی کارکردگی سے منسلک ہے۔

## تکافل کیا ہے؟

تکافل عربی زبان کا لفظ ہے جو لفظ "کفالہ" سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنٰی ہیں ضمانت دینا، مدد کرنا اور کسی کی ضروریات کا خیال رکھنا۔ تکافل تعاون (باہمی مدد) اور تبروع (رضاکارانہ زر شمولیت) کے اصول کے تحت کا ایک نظام ہے جس میں شریک تکافل کی گروپ کی طرف سے مجموعی طور پر وقف کے ذریعے نقصان کو تقسیم کر لیا جاتا ہے جو کہ وقف فنڈ میں اپنے زر شمولیت ادا کرتے ہوئے ان میں سے کسی بھی نوعیت کے نقصان کے لیے مشترکہ طور پر ایک دوسرے کو ضمانت دیتے ہیں۔ تکافل مشترکہ ذمہ داری، بھائی چارے یک جہتی اور باہمی تعاون کی بنیاد پر چلایا جاتا ہے۔

## تکافل ممبر شپ کیسے کام کرتی ہے؟

آدم جی، ونڈو تکافل آپریشنز ماڈل کی بنیاد وکالہ وقف کے اصولوں پر مبنی ہے۔ ہر فرد اس وقف پول میں ایک مشترکہ مقصد کے لئے شامل ہوتا ہے۔ اس وقف کو ونڈو تکافل آپریٹر وقف میں شامل ممبران کے مستقبل کے معاشی نقصان کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے لیے چلاتا ہے۔

## دور خی فوائد

**بچت:** بنیادی مستقل شراکت کی رقم کی سرمایہ کاری شریعت کے مطابق پیشہ وارانہ دو فنڈز میں کسی ایک فنڈ میں شراکت دار کے منتخب کردہ طریقے کے مطابق کی جاتی ہیں تاکہ بچت کو بڑھانے میں مدد ملے۔

### تحفّظ کی مقدار

یہ تحفظ آپ کے مستقل معمولی زر شمولیت (تبرّوعات - جسے تکافل عطیہ کہتے ہیں) کو وقف فنڈ میں منتقل کر کے ملتا ہے۔ یہ وقف فنڈ سرٹیفکیٹ کی مدّت کے اختتام تک آپ کی مجموعی رقم کو محفوظ رکھنے کی منشاء کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

سالانہ بنیادی زر شمولیت کا 5 سے 30 گنا

### سرپلس شیئرنگ

تحفّظ دینے کے ساتھ تکافل شریک تکافل کو سرپلس شیئرنگ کی ایک منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ وقف میں سرپلس (اگر کوئی ہو تو اُس) کا تعین انفرادی شریک تکافل کی بنیاد پر، مقرر کردہ ایکچوری اور شریعہ ایڈوائزر کی منظوری کے مطابق ضروری مالی ذخائر برقرار رکھنے کے بعد مالی سال کے آخر میں کیا جاتا ہے۔ قابل تقسیم سرپلس اہل شریک تکافل کے لئے متعین کردہ طریقہ کار کے تحت شریک تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں لگایا جائے گا۔

### فری لک پیریڈ

یہ سرٹیفکیٹ آپ کو 14 دن کا فری لک پیریڈ پیش کرتا ہے جس کے تحت آپ آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز سے رابطہ کر کے اپنا سرٹیفکیٹ منسوخ کرواسکتے ہیں، اور اپنا زر شمولیت واپس حاصل کر سکتے ہیں۔ البتہ آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کو حق حاصل ہے کہ وہ اس سرٹیفکیٹ کے جاری کرتے وقت فرد کے طبی معائنہ پر ہونے والے اخراجات اس رقم سے منہا کر لے۔

### کیسے آپ کا سرمایہ شریعت کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے بڑھتا ہے؟

اس سرٹیفکیٹ میں دیئے جانے والے زر شمولیت کی منتخب کردہ دو حکمتِ عملیوں میں سے یا تو "تامین اسلامک فنڈ، ثمن فنڈ" یا پھر "مضاعف اسلامک فنڈ" میں سرمایہ کاری کے لیے لگائے جاتے ہیں۔ آپ کسی ایک اسلامک فنڈ میں مکمل طور پر سرمایہ کاری کا انتخاب کر سکتے ہیں جو آپ کے سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کے مطابق ہو۔ کمائے گئے منافع رسک چارجز اور سرمایہ کاری کے انتظامی اخراجات کی کٹوتی کے بعد آپ کے اکاؤنٹ میں جمع کر دیا جاتا ہے اور شراکت دار کی کیش ویلیو میں جمع ہوتا رہتا ہے۔ ان فنڈز کا انتظام سرمایہ کاری کے ماہر مینجر حضرات چلاتے ہیں جو معاشی حالات اور سرمایہ کاری کے مواقع کی مناسبت سے سرمایہ کاری کرتے رہتے ہیں۔

## سرمایہ کاری کے اختیارات - افزائش کا ایک موقعہ (انویسٹمنٹ آپشنز)۔

وہ زر شمولیت جو آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز ضامن میں ادا کیا جاتا ہے، اس کی سرمایہ کاری کسی کم رسک والے فنڈ میں کی جاتی ہے۔ اگرچہ آپ خود کسی معتدل سے زیادہ رسک والے فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں جو آپ کی حکمت عملی اور رسک کے موافق ہو۔ منافع رسک اخراجات، ماہانہ انتظامی اور سرمایہ کاری انتظام کے اخراجات کی کٹوتی کے بعد ملتا ہے، اور اسے (پی آئی اے) یونٹ اکاؤنٹ میں شامل کر دیا جاتا ہے اور سرٹیفکیٹ ہولڈر کے کیش ویلیو میں جمع کر دیا جاتا ہے۔

## یونٹ کی قیمتوں کا تعین کرنے کا طریقہ کار:

آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز فارورڈ یونٹ پرائسنگ طریقہ کار استعمال کرتی ہے۔

## ہمارے کم رسک والے فنڈ درج ذیل ہیں:

**تامین فنڈ (آمدنی فنڈ):** کم رسک والا فنڈ جس کا مقصد کارپوریٹ بانڈز اور ایکویٹیز میں کسی سرمایہ کاری کے بغیر شریعہ سے مطابقت رکھنے والے ڈیٹ سیکیوریٹیز کی وسیع اقسام بشمول بینک ڈپازٹس، گورنمنٹ سیکیورٹیز وغیرہ میں سرمایہ کاری کے باقاعدہ اور مستحکم منافع پیش کرنا ہے۔

## ہمارے معتدل سے زیادہ رسک والے فنڈ میں شامل ہیں:

**ثمن فنڈ (متوازن فنڈ):** میڈیم رسک والا فنڈ جس کا مقصد شریعت کے مطابق ڈیٹ سیکیوریٹیز، ایکویٹی اور رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کر کے سرمایہ کی قدر میں اضافہ فراہم کرنا ہے۔

**مضاعف فنڈ (جارحانہ فنڈ):** ہائی رسک والا فنڈ جس کا مقصد شریعت کے مطابق ایکویٹیز، ڈیٹ سیکیوریٹیز اور رئیل اسٹیٹ کے وسیع مرکب میں سرمایہ کاری کر کے درمیانی سے طویل مدت میں زیادہ منافع حاصل کرنا ہے۔

## سرٹیفکیٹ کے فوائد

### پروٹیکشن بینیفٹ

پلان کی مدت کے دوران شریک تکافل کی وفات کی صورت میں زر تکافل اور جمع شدہ شریک تکافل سرمایہ کاری اکاؤنٹ (پی آئی اے) ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہو وہ کی ورثاء کو ادا کیا جائے گی۔

### فیملی تکافل کوریج کا انتخاب

آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ "تحفظ کی مدّت" پر ایک ہی رقم کی زر شمولیت سے فیملی تکافل کے مختلف درجوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کر سکیں۔

### سرٹیفکیٹ میچورٹی بینیفٹ

سرٹیفکیٹ کی میعاد کی تکمیل پر شریک تکافل کو اس کی (پی آئی اے) شریک تکافل اکائونٹ ویلیو کے مساوی رقم ادا کی جائے گی۔

### حج پر حادثاتی موت کی مفت کوریج

حج کے دوران حادثاتی موت کی صورت میں 2 ملین روپے کی کوریج دی جائے گی۔ جب تکافل شدہ شخص 65 سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے تو یہ اضافی کوریج ختم کر دی جاتی ہے۔

### ماہانہ ادائیگی یا اینیوٹی کا اختیار

تکافل شدہ فرد کے میچورٹی تک حیات ہونے کی صورت میں ماہانہ ادائیگی کا فائدہ (اگر اختیار کیا گیا ہو) دیا جائے گا جس کے تحت منتخب شدہ مدّت جو کہ 20، 15، 10، 5 سال ہو سکتی ہے کیلئے ماہانہ ادائیگی کی جائے گی۔ یونٹ کی سرمایہ کاری اس مدّت تک جاری رکھی جائے گی۔ کم سے کم ماہانہ ادائیگی 5000 روپے ہو گی۔ اگر ادائیگی اس رقم سے کم ہو جائے گی تو ماہانہ ادائیگی ختم ہو جائے گی اور بقایا رقم یکمشت ادا کی جائے گی۔

### جزوی دستبرداری

یہ سرٹیفکیٹ آپ کو آپ کے شریک تکافل سرمایہ کاری اکاؤنٹ (پی آئی اے) سے جزوی طور پر کیش نکالنے کا اختیار دیتا ہے۔ ایک سرٹیفکیٹ سے سال میں 4 مرتبہ جزوی طور پر کیش نکالا جاسکتا ہے۔ اور یہ کیش نکالنے کا عمل کم از کم 20,000 روپے اکاؤنٹ میں موجود رہنے کی شرط کے ساتھ مجموعی نقد دستبرداری کی رقم کے 50 فیصد تک محدود ہے۔

### انویسٹمنٹ بوسٹر (ایڈہاک - ٹاپ اپ):

کم از کم 10,000 روپے کی ادائیگی کر کے (اپنے مستقل زر شمولیت کے علاوہ) آپ انویسٹمنٹ بوسٹر کے ذریعے اپنے سرمائے کی رقم کی افزائش کر سکتے ہیں۔ افزائش کے لیے دی جانے والی رقم کی زیادہ سے زیادہ کوئی حد نہیں ہے، اسے شریک تکافل یونٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں 103 فیصد کے حساب سے مختص کیا جاتا ہے اور سرٹیفکیٹ کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنی مجموعی کیش ویلیو میں اضافے کے لیے جمع کرائی جا سکتی ہے اور کسی بھی وقت نکالی بھی جاسکتی ہے۔

### مہنگائی سے تحفظ انڈیکسیشن (آپشنل):

یہ مہنگائی کے اثر پر قابو پانے والا ایک قابل قدر فیچر ہے۔ آپ کا زر شراکت ہر سال پچھلے سال کے زر شراکت سے 10,5 فیصد بڑھ جائے گا۔ اس سے آپ کے (پی آئی اے) اکاؤنٹ کی قدر میں بھی اضافہ ہو گا۔

## آپشنل ضمنی معاہدے:

اپنے اضافی زر شمولیت کی ادائیگی کر کے مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی اختیاری ضمنی فوائد کو منتخب کر کے اپنے تحفظ کو بڑھا سکتے ہیں۔

- **شریک حیات کا ضمنی معاہدہ**
  اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران شریک تکافل کی تکافل شدہ شریک حیات کی وفات کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کا زر تکافل واجب الادا ہو گا۔
- **لیول ٹرم تکافل کا ضمنی معاہدہ**
  اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران تکافل شدہ کی وفات کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کا زر تکافل واجب الادا ہو گا۔
- **موت پر زر شمولیت کے استثنٰی کا ضمنی معاہدہ**
  تکافل شدہ کی موت کی صورت میں ابتدائی بنیادی زر شمولیت ضمنی معاہدے کے تحت باقی ماندہ دورانیے تک تکافل شدہ کی طرف سے آدم جی لائف ونڈو تکافل اپریشنز ادا کریگا۔
- **شدید بیماری کا ضمنی معاہدہ**
  اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران اگر فہرست میں سے درج کوئی ایک بیماری کی تکافل شدہ شخص کو تشخیص ہوتی ہے تو تکافل شدہ کو اس ضمنی معاہدے کا زر تکافل واجب الادا ہو گا۔
- **حادثاتی موت اور معذوری پر فوائد کا ضمنی معاہدہ**
  اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران حادثاتی موت یا حادثے کی وجہ سے ہونے والی تکافل شدہ کی مکمّل مستقل معذوری کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کا زر تکافل واجب الادا ہو گا۔ مستقل مکمل / یا جزوی معذوری کی صورت میں ممبر شپ شرائط کے ساتھ منسلک شیڈول کے مطابق زر تکافل واجب الادا ہو گا۔
- **معذوری پر زر شمولیت کے استثنٰی کا ضمنی معاہدہ**
  تکافل شدہ کے مکمّل اور مستقل معذوری کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کے باقی ماندہ دورانیے تکافل شدہ کی بحالی یا موت تک (جو بھی پہلے واقع ہو) تکافل شدہ کی طرف سے ضمنی معاہدے کے تحت ابتدائی بنیادی زر شمولیت آدم جی لائف ونڈو تکافل اپریشنز ادا کریگا۔
- **ماہانہ آمدنی کا ضمنی معاہدہ**
  اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران تکافل شدہ کی بیماری کی وجہ سے موت یا مکمّل مستقل معذوری لاحق ہونے کی صورت میں ضمنی معاہدے کے باقی ماندہ دورانیے یا بحالی (معذوری کی صورت میں) تک ایک مخصوص ماہانہ رقم واجب الادا ہو گی۔

## کنٹری بیوشن کی تخصیص اور وکالۃ الاستثمار فیس کی ترتیب

| ممبر شپ سال | پی آئی اے اکاؤنٹ کو مختص کئے جانے والے بنیادی کنٹری بیوشن کا فیصد | وکالۃ الاستثمار فیس پر کنٹری بیوشن کی قدر کا فیصد |
|---|---|---|
| پہلے سال | 70 | 30 |
| دوسرے سال | 90 | 10 |
| تیسرے سال سے | 100 | کوئی نہیں |

بنیادی منصوبہ کے رسک کے کنٹریبوشن کٹوتی سے پہلے *

## بونس کی تخصیص

جب آپ طویل المدّتی شراکت داری جاری رکھتے ہیں تو آپ کو جاری بونسز کی شرائط کے تحت انعامات حاصل ہوتے ہیں۔ یہ اضافی یونٹس آپ کی اکاؤنٹ قدر میں مختص کر دیے جاتے ہیں۔ ان اضافی یونیٹوں کی تخصیص مختص کردہ بنیادی یونٹوں کے علاوہ ہے، اس تخصیص کا نفاذ فراہم کردہ سرٹیفکیٹ اور زر شمولیت کی باقاعدہ اور بروقت ادائیگی سے مشروط ہے، اور یہ بھی لازم ہے کہ ادائیگی ابتدائی بنیادی زر شمولیت سے کم نہ ہو اور سرٹیفکیٹ سے کسی طرح جزوی کیش نکالا نہ گیا ہو۔ جاری بونس کی تخصیص درج ذیل ہے

| سرٹیفکیٹ سال | پی آئی اے اکاؤنٹ کو مختص کئے جانے والے بنیادی زر شمولیت کا فیصد |
|---|---|
| 5 | 10% |
| 7 | 20% |
| 10 | 30% |
| لائف ایوینٹ بونس | ☆ بیٹے کے یونیورسٹی میں داخلے پر 50 فیصد بونس<br>☆ بیٹی کی شادی پر 50 فیصد بونس<br>☆ ریٹائرمنٹ پر 50 فیصد بونس |

سرٹیفکیٹ کے 10 سال پورے ہونے کے بعد اور زر شمولیت کے بروقت ادائیگی کے ذریعے سرٹیفکیٹ کے فعال رہنے پر سرٹیفکیٹ کی تکمیل سے قطع نظر، شریک تکافل سرٹیفکیٹ کی پوری مدّت کے دوران زندگی کے ان مواقع میں سے کسی بھی موقع پر (جو بھی پہلے واقع ہو) بونس کا اہل ہو گا۔ یہ بونس اطمینان بخش ثبوتوں کی فراہمی سے مشروط ہوں گے۔

## چارجز

| | |
|---|---|
| سرٹیفکیٹ فیس: | کوئی نہیں |
| فنڈ کے انتظامی اخراجات: | ماہانہ کٹوتی کی بنیاد پر پی آئی اے سے کیش ویلیو کا 1.75٪ سالانہ |
| وکالۃ الاستثمار فیس: | پہلے سال: 30 فیصد، دوسرے سال: 10 فیصد، تیسرے سال سے: 0 فیصد |
| بولی / آفر اسپریڈ: | یونٹ اکاؤنٹ میں مختص کئے تمام زر شمولیت کا 5 فیصد |
| تکافل زر شمولیت: | حاصل شدہ عمر رسک پروفائل اور صافی زر تکافل کے حساب سے ماہانہ حصّہ پی آے یونٹ اکاؤنٹ سے پی ٹی ایف (وقف) میں منتقل ہوتے ہیں۔ بنیادی ممبر شپ کے تکافل زرِ شمولیت کا 35٪ حصہ اور اضافی فوائد کی صورت میں تکافل زرِ شمولیت کا 45٪ حصہ آپریٹرز سب فنڈ میں بطور پی ٹی ایف مینجمنٹ فیس ادا کیا جائیگا۔ |
| دستبرداری اور جزوی کیش نکالنے کی فیس: | مندرجہ بالا سرنڈر چارجز کے علاوہ، کسی بھی وقت جزوی دستبرداری یا سرنڈر کرنے پر 500 روپے کی فلیٹ سرنڈر پروسیسنگ فیس لاگو ہوتی ہے۔ |
| فنڈ منتقلی فیس: | ایک سرٹیفکیٹ سال میں پہلے دو فنڈ منتقل کرنا مفت ہیں۔ اگلے تمام ٹرانسفرز پر مذکورہ سال میں 300 روپے لاگو ہو گی۔ |
| مضارب کا حصہ: | وقف سرمائے کے منافع کا 30 فیصد |

## سرٹیفکیٹ کے شرائط اور اہلیت

| اندراج کے لیے کم سے کم عمر | اندراج کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر | کم از کم سرٹیفکیٹ کا عرصہ |
|---|---|---|
| 18 سال | 70 سال | 5 سال |

| کم از کم کنٹری بیوشن ادائیگی کا عرصہ | زیادہ سے زیادہ سرٹیفکیٹ کا عرصہ |
|---|---|
| 5 سال | 25 سال یا 80 سال کی عمر یا اس سے زیادہ (جو پہلے آجائے) |

## بنیادی زر شمولیت کی ادائیگی کا طریقہ کار

| طریقہ | کم از کم کنٹری بوشن | |
|---|---|---|
| سالانہ | -/20,000 روپے | |
| ششماہی | -/15,000 روپے | (-/30,000 روپے سالانہ) |
| سہ ماہی | -/10,000 روپے | (-/40,000 روپے سالانہ) |
| ماہانہ | -/5,000 روپے | (-/60,000 روپے سالانہ) |